تربیت

وابستگان جماعت کی زندگیوں کا تزکیہ جماعت کی ترجیح

مقامی جماعتوں اور ضلعی سطحوں پر کی گئی سرگرمیاں :

- تزکیہ کیمپ مقامی سطح پر — 434 (استفادہ کنندگان 12321)
- عام تربیتی اجتماعات وورکشاپس — 20 (استفادہ کنندگان 576)
- ضلعی سطح پر تربیتی اجتماعات — 31 (استفادہ کنندگان 775)
- خصوصی تربیتی ملاقاتیں بذریعہ امیر حلقہ وسکریٹری شعبہ — 79
- خصوصی تربیتی ملاقاتیں بذریعہ ناظم ضلع/علاقہ — 70

سکریٹری شعبہ تربیت کے دورے :

ان تین ماہ میں سکریٹری شعبہ تربیت نے درج ذیل مقامات کے تربیتی دورے کیے:

- یکم فروری 2015 کو بارسی ٹاکلی (اکولہ) میں مقامی جماعت کا جائزہ لیا گیا۔6 مرد اور 2 خواتین کا احتسابی جائزہ لیا گیا۔آخر میں تمام ارکان وکارکنان کی اجتماعی نشست ہوئی جس میں تقریباً 17 مرد اور 10 خواتین نے شرکت کی۔
- 8 فروری 2015 کو شولا پور میں 3 مرد اور 2 خواتین امیدوار رکنیت کا انٹرویو لیا۔امیر مقامی ودیگر رفقاء کے ساتھ مقام کا جائزہ لیا گیا۔خواتین، SIO کے طلبہ کے ساتھ نشست ہوئی۔عبدالحفیظ صاحب (جن کے نوجوان بچے بے قصور گرفتار کر لیے گئے تھے) سے ملاقات کی گئی۔
- 15,14,13 فروری 2015 کو سہ روزہ کیمپ ممبئی میٹرو (مہابلیشور) کے تربیتی پروگرام Vision 2016 کے تحت زیر تربیت رفقا (تعداد 13) اور دعوتی مہم کے دوران جماعت سے وابستہ ہونے والے نئے افراد (تعداد 60) کے لیے ایک خصوصی کیمپ مہابلیشور میں رکھا گیا۔اس کیمپ میں راقم کے علاوہ، امین الحسن صاحب اور اظہرا ین صاحب کھام گاؤں بھی شریک ہوئے۔

- 20 فروری 2015 کو بھیونڈی میں جماعت کے ماہانہ اجتماع میں شرکت ہوئی۔ 100 سے زیادہ مرد و خواتین شریک رہے۔
- 27 فروری 2015 کو مالیگاؤں میں خصوصی تربیتی کیمپ رکھا گیا جس میں محترم امیر حلقہ نے بھی شرکت فرمائی۔ مادہ پرستی، وجوہات، اثرات، سدباب اور اسلامی تصور قیادت اور ہمارا معیار انتخاب، اپنی صلاحیتوں کو پہچانیے جیسے عنوانات پر گفتگو ہوئی کل 75 مرد اور 40 خواتین نے شرکت کی۔
- 28 فروری تا یکم مارچ 2015 کو دو روزہ ضلعی اجتماع ضلع جلگاؤں (بمقام بھساول) میں دو روزہ خصوصی تربیتی اجتماع منعقد کیا گیا۔ محترم امیر حلقہ کے علاوہ محمد سمیع صاحب، عبدالرؤف صاحب اور سکریٹری شعبہ تربیت نے شرکت کی۔ شرکاء نے Two Way ٹائپ پروگرام کو کافی پسند کیا۔

- 15,14 مارچ 2015 کو دو روزہ خصوصی اجتماع ضلع بیڑ میں محترم امیر حلقہ، جاوید مکرم صدیقی صاحب اور سکریٹری شعبہ تربیت نے شرکت کی، اچھا Response رہا۔ Two Way type Programme کا پہلا تجربہ تھا۔ 170 مرد اور 122 خواتین نے شرکت کی۔

- 22,21مارچ2015 کو دو روزہ خصوصی ضلعی اجتماع کوکن، بمقام داپولی ہوا۔محترم امیر حلقہ نے شرکت فرمائی۔تقریباً25 مردوں اور 8 خواتین نے شرکت کی۔
- 29,28مارچ2015 کو دو روزہ خصوصی اجتماع پونہ، بمقام پمپری چنچوڑ میں سکریٹری شعبہ تربیت کے علاوہ ارشد صاحب اور شبیہ صدیقی صاحب نے مربی کے فرائض انجام دیے، معیار و تعداد دونوں اعتبار سے اجتماع کامیاب رہا۔

دیگر سرگرمیاں:

- 22,21 فروری 2015 کو دوروزہ کیمپ: دعوتی مہم کے دوران جماعت سے قریب آنے والے رفقاء کے لیے ممبرا جماعت کی جانب سے دوروزہ کیمپ بدلاپور میں منعقد کیا گیا۔



جماعت کے تعارف اور رفقاء کی ذمہ داریاں موضوع پر مشتمل یہ دوروزہ کیمپ نئے افراد کی ذھن سازی کے لیے بہت ہی کامیاب رہا۔ تقریباً 25 نئے رفقاء نے شرکت کی۔

- دورانِ مدت سکریٹری شعبہ تربیت نے مفوضہ ذمہ داری کو ادا کرنے کے سلسلے میں 30 یوم فارغ کیے اور 13 مقامات کا دورہ کیا۔